© rasailojaraid.com



# ملک بھر کے علماء کرام وائمہ مساجد سے اپیل

# نماز فجر میں قنوت نازلہ کا اہتمام کیجئے

محترمی علماء کرام وائمہ مساجد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گزارش ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان اور امارت اسلامی افغانستان سمیت پورے عالم اسلام بالخصوص دینی حلقوں کو عالمی کفرو استعمار بالخصوص امریکہ اور اس کے حواریوں کے معاندانہ طرزِ عمل کی وجہ سے درپیش سنگین صورتِ حال کے پیش نظر جناب رسالت مآب ﷺ کی سنت کے مطابق نمازِ فجر میں قنوتِ نازلہ پڑھنے کا اہتمام فرمائیں اور عام دعاؤں میں بھی اپنے مظلوم بھائیوں اور مجاہدین کو مسلسل شریک رکھیں۔

## قنوتِ نازلہ

نماز فجر کی دوسری رکعت میں رکوع کے بعد قومہ کی حالت میں امام صاحب یہ دعا بلند آواز سے پڑھیں اور مقتدی ہر جملہ پر آہستہ آمین کہیں۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا فِیْ مَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنَا فِیْ مَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنَا فِیْ مَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِکْ لَنَا فِیْ مَا اَعْطَیْتَ وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَاِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ ۔ اِنَّہٗ لَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ وَلَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ ۔ نَسْتَغْفِرُکَ وَنَتُوْبُ اِلَیْکَ ۔ اَللّٰھُمَّ انْصُرِ الْاِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِیْنَ ۔ اَللّٰھُمَّ اَیِّدِ الْاِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِیْنَ ۔ اَللّٰھُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَاجْعَلْنَا مِنْھُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْجِ الْمُسْلِمِیْنَ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنْ اَھْلِ اَفْغَانِسْتَانَ وَکَشْمِیْرَ وَفَلَسْطِیْنَ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وَالْبَيْنَانِ وَمِنْ كُلِّ مَكَانٍ. اَللّٰهُمَّ اخْذُلِ الْكَفَرَةَ وَالْهُنُوْدَ وَالْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْاَمْرِيْكِيِّيْنَ وَمَنْ وَّالَاهُمْ مِنَ الْكَافِرِيْنَ وَالْمُنَافِقِيْنَ . اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلَيْهِمْ. اَللّٰهُمَّ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ. اَللّٰهُمَّ فَرِّقْ جَمْعَهُمْ. اَللّٰهُمَّ دَمِّرْ دِيَارَهُمْ. اَللّٰهُمَّ زَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ . اَللّٰهُمَّ فُلَّ حَدَّهُمْ. اَللّٰهُمَّ خُذْهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ وَّاَنْزِلْ بِهِمْ بَاْسَكَ الَّذِىْ لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ . وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَخَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

ترجمہ: اے اللہ، ہمیں ان لوگوں میں شامل فرما جن کو تو نے ہدایت دی، جن کو تو نے عافیت بخشی، اور جن کو تو نے اپنا دوست بنایا۔ جو کچھ تو نے ہمیں دیا ہے، اس میں برکت عطا فرما اور اپنی قضا کے شر سے ہمیں محفوظ فرما، کیونکہ تیرا ہی فیصلہ چلتا ہے اور تیرے خلاف کسی کا فیصلہ نہیں چل سکتا۔ یا اللہ، جس کا تو دشمن ہو جائے، وہ عزت نہیں پا سکتا اور جس کا تو دوست بن جائے، وہ ذلیل نہیں ہو سکتا۔ تیری ذات نہایت بلند اور بابرکات ہے۔ ہم تیری مغفرت چاہتے اور تیری طرف توبہ کرتے ہیں۔ اے اللہ، اسلام اور مسلمانوں کی نصرت فرما۔ اے اللہ، اسلام اور مسلمانوں کی تائید فرما۔ اے اللہ، جو محمد ﷺ کے دین کی نصرت کرتے ہیں، ان کی نصرت فرما اور ہمیں بھی ان میں شامل فرما اور جو محمد ﷺ کے دین کی نصرت نہیں کرتے، ان کی نصرت نہ فرما اور نہ ہمیں ان میں شامل فرما۔ اے اللہ، افغانستان، کشمیر، فلسطین، چیچنیا اور ہر جگہ کے کمزور مسلمانوں کو نجات عطا فرما۔ اے اللہ، کفار، یہود و نصاریٰ، مشرکین اور امریکیوں اور ان کا ساتھ دینے والے تمام کفار اور منافقین کو رسوا فرما دے۔ اے اللہ، ان کو سختی سے کچل دے۔ یا اللہ، ان کی جمعیت کو منتشر اور ان کے اتحاد کو پارہ پارہ کر دے۔ یا اللہ، ان کے گھروں کو برباد کر دے۔ یا اللہ، ان کے پاؤں اکھاڑ دے۔ یا اللہ، ان کی دھار کو کند کر دے۔ یا اللہ، قدرت اور غلبے کے ساتھ ان کی گرفت فرما اور ان پر اپنا وہ عذاب نازل فرما جس کو تو مجرم قوم سے ہٹاتا نہیں۔ اور اللہ کی رحمتیں ہوں اپنے رسول محمد ﷺ اور ان کی تمام آل اور اصحاب پر۔

جامعہ انوار القرآن
آدم ٹاؤن 11-C-1 نارتھ کراچی
فون: ۶۳۸۱۲۳
فیکس: ۶۹۹۸۷۵۲

والسلام
منجانب
(مولانا) فداء الرحمٰن درخواستی
امیر پاکستان شریعت کونسل

© rasailojaraid.com